# دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

## اداراتی تعارف

# Dar-ul-Uloom Mohammadiya Ghousiya Bhera Shareef

www.darululoombherasharif.com
info.dmgpak@gmail.com
048 6690614, 048 6690569

بسم الله الرحمن الرحيم

In The Name Of Allah, The Most Merciful, The Most Kind

# پیغام رئیس الجامعہ

ہمارے اسلاف کرام نے اس حکم کو سمجھا اور اس پر عمل پیرا ہوئے اور اسلام کا حیات بخش پیغام مشرق و مغرب میں پہنچایا۔ آفاق عالم میں توحید کی جان پرور صدا گونج اٹھی اور یہ ایک ناقابل انکار تاریخی حقیقت ہے کہ ایسے جانباز مجاہد جنہوں نے دلوں کی مملکتوں کو فتح کیا اور قلوب کے ظلمت کدوں میں ہدایت کے چراغ فروزاں کئے، وہ انہی مکاتب کے جان پرور دہ تھے جن میں علوم اسلامیہ کی تدریس ہوتی تھی۔

آج بھی اگر ہم دل سے اس بات کے آرزومند ہیں کہ اسلام ایک موثر اور فیصلہ کن قوت کی حیثیت سے زندہ رہے اور اس کا سراج منیر باطل کی پھیلتی ہوئی تاریکی کو سمیٹنے اور سکڑنے پر مجبور کردے تو ہمیں ان مدارس کے قیام اور ان کی نشو و نما کی طرف عملی طور پر متوجہ ہونا پڑے گا جہاں علوم قرآن و سنت کی تدریس باحسن وجوہ ہو سکے تاکہ ان درس گاہوں کے فیض یافتہ عالم انسانیت کو بھلائیوں کی طرف بلانے، نیکیوں کا حکم کرنے اور برائیوں سے باز رکھنے کا سنگین اور اہم فریضہ ادا کر سکیں۔

یہ احساس عام ہے کہ ہمارے موجودہ دینی مدرسے ایسے علماء تیار کرنے میں اپنا فرض پوری طرح ادا نہیں کر رہے جو عصرِ حاضر میں خدمت اسلام کا حق ادا کر سکتے ہوں۔ بعض سنجیدہ حلقوں کی طرف سے اس کمی کو دور کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے گئے ہیں اور مروجہ نصاب میں اپنے اپنے نقطہ نظر کے مطابق تبدیلیاں بھی کی گئی ہیں۔

فقیر ابو نعیم محمد امین الحسنات شاہ
رئیس دار العلوم محمدیہ غوثیہ، سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت امیر السالکین، صدر انجمن تعلیم المسلمین غوثیہ، بھیرہ شریف

# نصب العین

- اللہ تعالیٰ کے دین کی سربلندی کے لیے ایسے جید علماء تیار کرنا جو اسلام کی آفاقی حیثیت کو سمجھتے ہوں اور کتاب و سنت پر مجتہدانہ نظر رکھتے ہوں۔
- ایسے بالغ نظر رہنما فراہم کرنا جو علمی قابلیت کے ساتھ ساتھ سیرت و کردار سے بھی آراستہ ہوں اور امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا جواب دینے کی صلاحیت بھی رکھتے ہوں۔
- ایسے دینی پیشوا مہیا کرنا جو متوازن فکر کے حامل ہوں اور معاشرے میں قائدانہ کردار ادا کرتے ہوئے اسلام کے حقیقی پرامن تشخص کو اُجاگر کریں۔
- ایسے صاحب بصیرت افراد تیار کرنا جو اسلام اور مسلم امہ کو درپیش مسائل کا ادراک کرتے ہوئے ان کے حل کا فریضہ سرانجام دیں۔

# ہمارا مشن

**01**

اللہ تعالیٰ کے دین کی سربلندی کے لیے ایسے جید علماء تیار کرنا جو اسلام کی آفاقی حیثیت کو سمجھتے ہوں اور کتاب وسنت پر مجتہدانہ نظر رکھتے ہوں۔

**02**

ایسے بالغ نظر رہنما فراہم کرنا جو علمی قابلیت کے ساتھ ساتھ سیرت و کردار سے بھی آراستہ ہوں اور امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا جواب دینے کی صلاحیت بھی رکھتے ہوں۔

**03**

ایسے دینی پیشوا مہیا کرنا جو متوازن فکر کے حامل ہوں اور معاشرے میں قائدانہ کردار ادا کرتے ہوئے اسلام کے حقیقی پرامن تشخص کو اُجاگر کریں۔

**04**

ایسے صاحب بصیرت افراد تیار کرنا جو اسلام اور مسلم امہ کو درپیش مسائل کا ادراک کرتے ہوئے ان کے حل کا فریضہ سرانجام دیں۔


## قیادت اعلیٰ:



غازی اسلام

حضرت پیر محمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ


موسس اول 1890_1957



حضرت حافظ پیر محمد امین الحسنات شاہ

سجادہ نشین آستانہ عالیہ امیر السالکین

رئیس دار العلوم محمدیہ غوثیہ، بھیرہ شریف



ضیاء الامت

حضرت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ

(موسس ثانی 1918_1997)

# خدمات

| درس وتدریس | خطیب ومبلغ | |
|---|---|---|
| دینی مدارس میں مدرس | مساجد میں امام وخطیب | عساکر پاکستان (فضائیہ، آرمی، نیوی) میں امام وخطیب |
| | نجی اداروں میں اہم خدمات | |
| کالجز، یونیورسٹیز میں لیکچرر، پرنسپلز | بیرون ملک میں مختلف شعبوں میں خدمات | سرکاری اداروں میں اعلیٰ انتظامی خدمات |

## شعبہ جات:

### دارالافتاء




ادارے کا اہم تحقیقی شعبہ ہے دنیا بھر سے مسلمان یہاں سے روز مرہ پیش آنے والے اپنے دینی ودنیوی مسائل سے آگاہی حاصل کرتے ہیں۔ اسے جدید ترین خطوط پر استوار کیا گیا ہے۔ فیکس اور انٹرنیٹ پر فتوٰی حاصل کرنے کی سہولت موجود ہے۔

### الکرم ویلفیئر فنڈ

طلبہ واساتذہ کی فلاح وبہبود کے لیئے یہ فنڈ مقرر کیا گیا ہے جس سے مرکزی دارالعلوم اور اس کے ذیلی اداروں کے طلبہ واساتذہ مالی معاونت حاصل کر سکتے ہیں ۔اب تک ایک خطیر رقم اس مقصد کے لئے صرف کی جاچکی ہے۔

### ادارہ ضیاء المصنفین

عربی فارسی اسلامی لٹریچر کے اردو تراجم، تصنیف وتالیف اور جدید موضوعات کی تحقیق پر گرانقدر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ اب تک کی کئی علمی کاوشیں داد وصول کر چکی ہیں۔



## ضیاءالامت لائبریری

تفسیر، حدیث، فقہ، اصول، تاریخ، سیرت، تصوف، سائنس اور دیگر علوم پر تحقیق کرنے والے اسکالرز کو ان کی مطلوبہ کتب مہیا کرتی ہے۔ وسیع لائبریری میں موجود لاکھوں کتب طلبہ کی علمی تشنگی کا سامان کرتی ہیں۔

## لجنۃ الامتحانات

یہ امتحانی بورڈ ہے جو مرکز اور اس کے ذیلی اداروں کے نوماہی اور سالانہ امتحانات لیتا ہے۔ شفاف مارکنگ سسٹم کے تحت پرچوں کی چیکنگ اور نمبرنگ ہوتی ہے۔ میرٹ اور سکریسی اس کا خاصہ ہے۔

## آئی ٹی سیکشن

اس میں طلبہ کو کمپیوٹر سائنسز کے جملہ بنیادی کورسز کرائے جاتے ہیں۔

## الکرم فرینڈز انٹرنیشنل

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ کے ساتھ منسلک شاہینوں کی معاونت سے امت مسلمہ کی علمی، فکری، روحانی اور قومی ترقی کے لئے سرگرم عمل ہے اور مختصر عرصہ کے دوران وطنِ عزیز کے طول و عرض اور بین الاقوامی سطح پر اپنے تنظیمی ڈھانچے کو استحکام دینے کے بعد عملی سرگرمیوں جن میں یونیورسٹی کا قیام، فلاحی پروجیکٹس، ملی و مذہبی سرگرمیاں اور رابطہ سازی میں مصروف ہے الکرم فرینڈز انٹرنیشنل حضور ضیاالامت کے عملی، فکری و سماجی کارناموں کا وارث ہے۔

## الکرم یونیورسٹی

آستانہ عالیہ امیر السالکین بھیرہ شریف کی علمی مساعی کا باقاعدہ آغاز 1925 سے ہوا تھا حضرت غازی اسلام پیر محمد شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس دور میں جب ہندو سامراج اور فرنگی استعمار کا غلبہ تھا بھیرہ شریف اور گردونواح کے مسلمانوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے محمدیہ غوثیہ پرائمری سکول کی بنیاد رکھی مسلمانوں کے معاشی حالات کے پیش نظر انہیں مفت تعلیم کی سہولت مہیا کی۔ یہ پرائمری سکول مرور وقت کے ساتھ ساتھ ضیاءالامت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ کی کاوشوں سے 1957ء میں دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کی صورت میں سامنے آیا عصر حاضر تک یہ دارالعلوم اپنی علمی مساعی جمیلہ کے ذریعے خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ لیکن وقت کے بدلتے تقاضوں کے پیشِ نظر علم دین سے بہرہ مند لوگوں کی بہترین سماجی و معاشرتی خدمات حاصل کرنے کے لئے انہیں ایسے مروجہ علوم سے مسلح کرنا ازحد ضروری ہے۔ اس جذبے کے پیش نظر حضرت غریب نواز قبلہ




محمد امین الحسنات شاہ صاحب سجادہ نشین دربار عالیہ امیر السالکین نے گزشتہ پندرہ سال سے الکرم انٹرنیشنل یونیورسٹی قائم کرنے کی ٹھانی جو اللہ کریم کے فضل و کرم سے 2021ء اواخر میں منظور ہوئی الکرم انٹرنیشنل یونیورسٹی بھیرہ شریف دین اسلام کی روشنی میں ایسے رجال کار تیار کرنے کا عزم رکھتی ہے جو منبر و محراب کے تقاضوں کو بھی پورا کرتے ہوں اور ملک وملت کی بہترین خدمات سرانجام دینے کا بھرپور عزم رکھتے ہوں نیز وہ کسی بھی لحاظ سے دیگر اداروں سے پیچھے نہ ہوں اس وقت الکرم انٹرنیشنل یونیورسٹی بی ایس اسلامیات، اکنامکس، عریبک اور شریعہ کی کلاسز کا اجراء کیے ہوئے ہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ ادارہ مستقبل قریب میں ایسے افراد کار تیار کرنے کا عزم رکھتا ہے جو امت مسلمہ کے لئے رہنمائی کا فریضہ سرانجام دینے کی صلاحیتوں سے لیس ہو جن کا مطمع نظر اسلام اور پاکستان ہو۔

### ضیاء الامت فاؤنڈیشن

یہ خالصتاً فلاحی مقصد کے لیے قائم کی گئی ہے تاکہ پاکستان اور دیگر ممالک میں دکھی انسانیت کی خدمت کی جاسکے۔ اب تک یہ کئی مقامات پر زلزلہ زدگان اور دہشت گردوں کے شکار افراد کی بحالی کے لئے قابل قدر خدمات سرانجام دے چکی ہے۔ یہ ساری خدمات دار العلوم کے فارغ التحصیل فضلاء اور آستانہ عالیہ امیر السالکین کے متوسلین سرانجام دیتے ہیں۔

## سہولیات

- عظیم الشان مسجد دربار امیر السالکین
- ڈسپنسری، ایکسرے اور ٹیسٹ لیبارٹری
- پانچ صد طلبہ کے لیے سات منزلہ ہاسٹل
- الکلیۃ الغوثیہ للبنات کی تعمیر نو اور توسیع
- تفریح و ورزش کے لیے گراؤنڈ
- سیمینار اور کانفرنس کے لیے الفرید آڈیٹوریم
- اساتذہ کے لیے نئے باوقار کوارٹرز

## دینی ودنیاوی علوم کی تفصیل:

| شعبہ کورسز | شعبہ تحفیظ القرآن | شعبہ علوم جدیدہ | شعبہ علوم اسلامیہ |
|---|---|---|---|
| آن لائن قرآن | تجوید القرآن | وضاحت | ادیب عربی |
| تخصص فی الفقہ | ناظرہ وحفظ | میٹرک | فاضل عربی |
| خطابت ونعت کورس | | انٹرمیڈیٹ | شہادت العالمیہ |
| | | بی اے | تخصص فی الفقہ |
| | | ایم اے | |

## مختصر کورسز:

01 عقیدہ ختم نبوت کورس

02 رمضان فی صحبۃ القرآن

03 تجوید وقرات کورس

04 اصول التحقیق ورکشاپ

05 دورۃ محادثۃ العربیہ (عربی بول چال کورس)

06 ردالحاد کورس

07 الکرم سٹڈی سرکل

08 دعوت وتبلیغ ورکشاپ

09 ضیائے سیرت کورس

10 تخریج حدیث کورس

11 ضیائے شریعت کورس

12 قانون آگاہی کورس

13 مقالہ نویسی کے اصول وضوابط پر کورس

## نصاب اور درجات:

| الدرجۃ الاولیٰ سال اول | الدرجۃ الثانیہ (سال دوم) | الدرجۃ الثالثہ (ادیب عربی) | الدرجۃ الرابعہ (عالم عربی) | الدرجۃ الخامسہ (ایف اے) | الدرجۃ السادسہ (فاضل عربی) | الدرجۃ السابعہ (بی اے) | الدرجۃ الثامنہ دورہ حدیث شریف (دو) | الدرجۃ التاسعہ دورہ حدیث شریف (دوم) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صرف | فقہ | قرآن | تفسیر | عربی | قرآن | انگریزی | تفسیر | اصول وتاریخ فقہ |
| نحو | صرف | حدیث | حدیث | انگریزی | حدیث | اقتصادیات | حدیث | عقائد |
| ادب وانشاء | نحو | فقہ | اصول حدیث | اقتصادیات | فقہ | سیاسیات | علوم حدیث | تصوف |
| عقائد | منطق | سیرت وتاریخ | فقہ | شہریت | اصول فقہ | مطالعہ پاکستان | اصول فقہ | تجوید وقراءت |
| فارسی | انشاء | نحو | اصول فقہ | اردو | عقائد | اسلامیات لازمی | ادب عربی | تقابل ادیان |
| تجوید وقرات | فارسی | ادب | بلاغت ومعانی | مطالعہ پاکستان | معانی | | تاریخ | مقالہ |
| | تجوید قرات | انشاء | انگریزی | اسلامیات | نحو | | | |
| | | منطق | معاشیات | | انگریزی | | | |

نوٹ: طلبہ اس سال الشہادۃ العالیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ کا امتحان دیں گے جو ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی طرف سے ایم اے عربی، اسلامیات کے مساوی تسلیم شدہ ڈگری ہے۔

# اعزازات

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ادارہ نے ہمیشہ اپنے قیام سے لے کرتا حال بورڈز، یونیورسٹیز اور مقامی لجنۃ الامتحانات کے تحت ہونے والے امتحانات میں حیران کن نتائج دیے ہیں۔ذیل میں ہم یہاں صرف گولڈ میڈلز حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کا ذکر کرتے ہیں:

| ڈگری | گولڈ میڈل |
| --- | --- |
| فاضل | 18 |
| بی اے | 02 |

اس کے علاوہ اول، دوم، سوم پوزیشنیں بھی اسی ادارہ کے طلبہ وطالبات کے حصے میں آتی ہیں۔ ہر سال ان درجوں کا ہمارا نتیجہ ۸۰٪ سے ۱۰۰٪ تک ہوتا ہے۔ جس پر ہم اپنے رب کریم کے لطف وکرم پر ہمہ وقت شکر ادا کرتے ہیں جو ہمیں ہر سال اس عزت وکرامت سے نوازتا ہے۔ان کی تفصیل ادارہ کے دفتری ریکارڈ سے دیکھی جاسکتی ہے۔

# الکلیتہ الغوثیہ للبنات

اسلام سب انسانوں کے لئے بلاامتیاز نسل، رنگ، صنف، زبان یکساں رحمت ہے۔ اس طرح وہ نوع انسانی کی صرف ایک صنف کو پستیوں سے اٹھا کر بلندیوں تک پہنچانے کا ضامن نہیں بلکہ دونوں صنفوں مرد وزن کو معراج کمال تک پہنچانے کا کفیل ہے۔ اسلام دونوں کے لئے رفعت وعظمت کے دروازے یکساں طور پر کھولتا ہے۔ قرآن وسنت نے عورت کو جو مقام رفیع ارزانی فرمایا ہے اور اس کی ذہنی نشو نما اور تکمیل ذات کے لئے جو ضابطہ اخلاق تجویز کیا ہے، اس سے آگاہی کے لئے ضروری ہے کہ اس کو اسلامی تعلیمات سے آراستہ کر دیا جائے تاکہ آنے والی نسلیں اپنا اسلامی تشخص محفوظ رکھ سکیں۔ کیونکہ ایک عورت کی تربیت ایک نسل کی تربیت ہے۔ چنانچہ ستمبر 1990ء میں حضرت ضیاء الامتؒ نے اپنی ملت کی بچیوں کے لئے ایک الگ ادارہ الکلیتہ الغوثیہ للبنات کی بنیاد رکھی۔

## مقاصد:

- طالبات کے دلوں میں اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی ﷺ کی عظمت اور سچی محبت کا صحیح جذبہ پیدا کرنا۔
- طالبات کو قرآن وسنت کی تعلیمات سے بہرہ ور کرنا، اور ان کے مطابق ان کی تربیت کرنا اور ان کے دلوں میں یہ روشنی دوسروں تک پہنچانے کا شوق پیدا کرنا۔
- اسلامی عقائد حقہ کو اچھی طرح ذہن نشین کرانا تاکہ طالبات اپنے عقیدہ کو پوری طرح سمجھ سکیں اور اس کی حفاظت کر سکیں۔
- طالبات کے لئے پانچ سالہ نصاب تعلیم مرتب کیا گیا ہے جس میں داخلے کے لئے میٹرک پاس ہونا شرط ہے۔ داخلہ کے لئے طالبات کی کثیر تعداد کے پیش نظر انٹری ٹیسٹ اور میرٹ کا طریقہ کار وضع کیا گیا ہے۔
- دینی تعلیم کے ساتھ طالبات کو انٹرمیڈیٹ، گریجویشن اور فاضل عربی کے امتحانات بورڈ اور یونیورسٹی سے دلوائے جاتے ہیں۔

## نصاب:

| سال اول | سال دوم | سال سوم | سال چہارم | سال پنجم |
|---|---|---|---|---|
| ترجمہ وتفسیر | حدیث | حدیث | حدیث | انگلش |
| فقہ | فقہ | ادب عربی | سیرت | اسلامیات اختیاری |
| نحو | ادب عربی | اردو | ادب عربی (نثر) | عربی |
| تجوید وقرآت | انگلش | اسلامیات لازمی | تاریخ اسلام | اسلامیات لازمی |
| قرآن حکیم | قرآن حکیم | ایجوکیشن | انگلش | مطالعہ پاکستان |
| حدیث | سیرت | قرآن حکیم البقرۃ | قرآن حکیم | فارسی (آپشنل) |
| صرف | نحو | فقہ | فقہ | |
| انشاء | انشاء | انگلش | ادب عربی (نظم) | |
| انگلش | | مطالعہ پاکستان | انشاء | |
| | | اسلامیات اختیاری | فلسفہ | |

## دارالعلوم سے فارغ التحصیل ہونے والے طلباوطالبات:



طلبا

تقریباً8000ہزار



طالبات

فاضلات تقریبا15000

# دارالعلوم کے اخراجات

### سالانہ اخراجات




**8,00,00,000**

آٹھ کروڑ تقریباً

80 Million Approx.

### ماہانہ اخراجات




**66,00,000**


چھیاسٹھ لاکھ تقریبا

6.6 Million Approx.


## آمدن کے ذرائع:



عطیات



زکوۃ



صدقات

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ علم کے نور سے دل ونگاہ کو روشن کر کے آنے والے کل کو فروزاں کرنے میں مصروفِ عمل ہے اپنے روشن کل کے لیے اور دین ودنیا کی کامیابی وکامرانی کے لئے اس مادر علمی کو آپ کی معاونت کی ضرورت ہے آپ اس کار خیر میں مختلف طریقوں سے حصہ ڈال کر اپنی دنیا اور آخرت سنواریں۔

| نقد رقم کی فراہمی | | |
|---|---|---|
| ماہانہ مخصوص رقم کی فراہمی | حسب توفیق کچھ طلبا کے مکمل تعلیمی اخراجات اٹھانا | سالانہ بنیادوں پر رقم فراہم کرنا |
| اساتذہ اور دیگر عملہ کی تنخواہیں | بل کی ادائیگی | وظائف |
| **اشیا کی صورت میں** | | |
| اشیا خورد و نوش | تعمیراتی سامان | اشیا ضروریہ (بستر، مشینری، ٹرانسپورٹ) |
| برتن | ادویات (ڈسپنسری) | ایمبولینس |
| **تعلیمی معاونت** | | |
| کتب | کمپیوٹرز، لیپ ٹاپ | لیبارٹری کا سامان |
| یونیفارم | ٹرانسپورٹیشن | |

## مالی معاونت کے لئے تفصیلات:

اکاونٹ نمبر:

**Account Title:** Principal Dar Ul Uloom Mohammadia Ghousia Bhera Sharif
**Account #:** 022601018016
**Branch Code**: 0226
**IBAN:** PK 10UNIL 0112022601018016
**Bank Name:** United Bank Limited

# دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

**Dar-ul-Uloom Mohammadiya Ghousiya**
Bhera Shareef

## محلِ وقوع

بھیرہ تحصیل و ضلع بھلوال (بر لب موٹروے، لاہور، اسلام آباد)

048 6690614, 048 6690569 info.dmgpak@gmail.com www.darululoombherasharif.com